شذراتِ علمیہ

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہان پوری

الولی میں نقد و تبصرہ کے لیے بہت کم حضرات اپنی کتابیں بھیجتے ہیں لیکن اگر کوئی کتاب آتی ہے تو اس پر تبصرہ ضرور کیا جاتا ہے کہ یہ ایک اخلاقی فریضہ ہوتا ہے لیکن بہت سی ایسی کتابیں اور رسائل کے خصوصی نمبر بھی شائع ہوتے ہیں کہ جو اگر تبصرے کے لیے نہ آئیں تب بھی ان کے موضوع کی اہمیت تصنیف و تحقیق کی نوعیت اور قارئین الولی کے لیے علمی معلومات کی فراہمی کی ضرورت کا تقاضا ہوتا ہے کہ اس قسم کے علمی کاموں کا قارئین کرام سے تعارف ضرور کرایا جائے۔ اسی ضرورت کے تحت "شذراتِ علمیہ" کا ایک سلسلہ شروع کیا جاتا ہے ضروری نہیں کہ ہر ماہ اس سلسلے میں ہر ماہ کسی اہم علمی، تاریخی، سیاسی کتاب کا یا کسی رسالے کے خصوصی نمبر کا تعارف کرایا جائے لیکن اس قسم کی جب ایک دو چیزیں آئیں گی تو ان کا تعارف کرا دیا جائے گا۔

۱ الحق، شیخ الحدیث مولانا عبدالحق نمبر

الحق کے نام سے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کا ایک علمی و تعلیمی ماہنامہ گزشتہ ۲۸ سال سے نکل رہا ہے حال ہی میں اس نے دارالعلوم حقانیہ کے بانی شیخ الحدیث مولانا عبدالحق کی یاد میں ایک ضخیم خصوصی نمبر شائع کیا ہے۔ جس میں حضرت شیخ الحدیث کی زندگی، شخصیت، افکار و افادات، خدماتِ دینی و سیاسی کا تعارف اور دارالعلوم کے قیام کی تاریخ اور اس کے فیضان علمی و دینی کا تذکرہ ہے۔ یہ نمبر ۲۱ ابواب پر مشتمل ہے اور ملک و بیرون ملک کے مشاہیر و اکابر علم و اصحاب قلم کے سینکڑوں مضامین نظم و نثر اور نوادرِ علمیہ کا جامع ہے سائز ۱۱×۸ انچ اور صفحات کی تعداد ۱۲۰۰ ہے۔